Telephone Conversation between PM and the Federal Chancellor of Germany

April 02, 2020

وزیر اعظم اور جرمنی کے وفاقی چانسلر کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

02 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج جرمنی کے وفاقی چانسلر عزت مآب ڈاکٹر انجیلا مرکل سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔

دونوں رہنماؤں نے جاری کووڈ 19 وبائی بیماری، اپنے اپنے ممالک کی صورتحال اور صحت کے بحران سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوں نے وبائی مرض کے دوران درکار دواؤں اور طبی سامان کی ناکافی فراہمی کے بارے میں آراء کا تبادلہ کیا، اور اس سلسلے میں تعاون کے راستوں کو تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔

جرمن چانسلر نے وزیر اعظم سے اس بات پر اتفاق کیا کہ کووڈ 19 وبائی مرض جدید تاریخ کا ایک اہم موڑ ہے، اور یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ انسانیت کے لئے مشترکہ مفادات پر مرکوز عالمگیریت کے نئے وژن کو جنم دیا جائے۔

وزیر اعظم نے عزت مآب چانسلر کو دنیا کے لوگوں کے لئے یوگا کی آسان ورزشوں اور امیونٹی بڑھانے والے آیورویدک علاج کی ترویج کے لئے حالیہ بھارتی اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ چانسلر نے اس بات پر اتفاق کیا کہ نفسیاتی اور جسمانی صحت کو بڑھانے کے لئے اس طرح کے عمل خاص طور پر موجودہ لاک ڈاون حالات میں بہت فائدہ مند ثابت ہوسکتے ہیں۔

نئی دہلی

02 اپریل، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.